عرائض نویسی

کسی افسر یا ہیڈ ماسٹر صاحب سے چھٹی لینے یا کسی افسر کے کچھ گوش گزار کرنے کے لیے جو کچھ لکھا جاتا ہے' اسے عرضی یا درخواست کہتے ہیں۔ درخواست میں جو کچھ لکھا جائے وہ خوش خط' صاف اور سادہ ہونا چاہیے۔

(۱) عرضی لکھنے کے لیے سب سے پہلے افسر کا عہدہ لکھا جاتا ہے۔

(۲) نئی سطر سے "گزارش ہے" لکھ کر اپنی عرض داشت لکھی جاتی ہے۔

(۳) درخواست کے خاتمے پر عین نوازش ہوگی۔ مہربانی ہوگی۔ وغیرہ لکھ کر درخواست ختم کی جاتی ہے۔

(۴) درخواست کے نیچے العارض' عرضے یا درخواست گزار لکھ کر نیچے درخواست گزار کا نام اور پتا لکھنا چاہیے۔

۱ ہیڈ ماسٹر صاحب سے چھٹی کی درخواست

بخدمت ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمنٹ ہائی سکول، کمالیہ

موضوع: رخصت برائے ضروری کام

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ آج مجھے گھر پر ایک ضروری کام درپیش ہے۔ جس کے باعث سکول میں حاضر نہیں ہوسکوں گا۔ لہٰذا ملتمس ہوں کہ آج مورخہ ۶ مئی ۲۰۱۸ء صرف ایک دن کی رخصت مرحمت فرما کر نوازیں۔ عین نوزش ہوگی۔

العارض
اُسامہ حسن
جماعت نہم

۲ بیماری کی درخواست

بخدمت ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمٹ ماڈل ہائی سکول، رحیم یار خاں

موضوع: درخواست برائے رخصت بیماری

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ مجھے کل سے بخار ہے۔ رات بھر بخار میں بھُنتا رہا ہوں۔ اس وقت ڈاکٹر کے پاس جا رہا ہوں۔ لہٰذا آج اور کل صرف دو دن کی رخصت منظور فرما کر نوازیں' کرم ہوگا۔

۲۵ را پریل ــــ ۲۰ء

العارض
کاشف خورشید
متعلم جماعت دہم۔ بی

۳ فیس معافی کی درخواست

بخدمت ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول نمبر ۱، چکوال

موضوع: درخواست برائے فیس معافی

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ میں ایک طالب علم ہوں۔ والد صاحب کی آمدنی بہت کم ہے۔ ہر وقت پیٹ بھرنے کے لالے پڑے رہتے ہیں۔ اسی وجہ سے میرے لیے فیس ادا کرنا دشوار ہو رہا ہے۔ میرا تعلیم حاصل کرنے کا شوق مجھے مجبور کر رہا ہے کہ آپ سے مدد کی درخواست کروں۔ لہٰذا ملتمس ہوں کہ سکول کی فیس معاف فرما کر شکریہ کا موقع عطا فرمائیں' کرم ہوگا۔ زیادہ آداب و نیاز۔

۵ رجنوری ـــ ۲۰ء

العارض

واجد خلیل

متعلم جماعت نہم فریق ڈی

۴ سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست

بخدمت ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول، کروڑ لعل عیسن ضلع لیہ

موضوع: درخواست برائے حصول سرٹیفکیٹ

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ میرے والد صاحب سمن آباد میں اپنی رہائش منتقل کر رہے ہیں اور مجھے بھی ماں باپ کے ساتھ سمن آباد میں سکونت پذیر ہونا ہے۔ لہٰذا ملتمس ہوں کہ سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ مرحمت فرمائیں۔ فقط آداب۔

۱۰ رجنوری ـــ ۲۰ء

درخواست گزار

عبدالمجید بھٹی

متعلم جماعت دہم

۵ صفائی کے لیے درخواست

بخدمت ہیلتھ آفیسر صاحب جھنگ کارپوریشن

موضوع: درخواست برائے صفائی ستھرائی

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ ہمارے محلے میں خاکروبوں نے آنا چھوڑ دیا ہے۔ ہر گلی اور کوچے میں غلاظت کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ بدبو کے بھبوکے اٹھ رہے ہیں۔ محلے پر بدبو کا تسلّط ہے۔ اس پر مزید یہ کہ موسم برسات آ رہا ہے جو گندی گلیوں اور محلوں میں بیماریاں پھیلا دیا کرتا ہے۔ ہیضہ تو اس موسم کی محبوب بیماری ہے۔ لہٰذا ملتمس ہوں کہ محلے سے غلاظت اٹھوا کر صفائی کا انتظام فرمائیں اور اہلِ محلّہ کو بیماریوں کے ہجوم سے بچائیں۔ زیادہ آداب۔

۸ ر اکتوبر ـــ ۲۰ء

العارض

حاشر فاروق

خضری محلّہ جھنگ